PAL NETWORK
People's Action for Learning

# ICAN

## INTERNATIONAL COMMON ASSESSMENT OF NUMERACY

# آئی-سی-اے-این

# مشترکہ بین الاقوامی حساب دانی کا جائزہ

ایک اوپن سورس جائزہ جو جنوب۔ جنوب تعاون سے تیار کیا گیا

اور پائیدار ترقیاتی ہدف 4.1.1 الف کے ساتھ منسلک ہے۔



## پائیدار ترقیاتی مقصد کے وعدے کو جلا بخشنا:

سیکھنے کے نتائج پائیدار ترقیاتی مقصد - ۴ میں نمایاں ہیں:

ہدف ۴۔۱ کے مطابق:

۲۰۳۰ تک، اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام لڑکیاں اور لڑکے مفت، مساوی اور معیاری ابتدائی اور ثانوی درجے کی تعلیم مکمل کریں جس کے نتیجے میں متعلقہ اور مؤثر سیکھنے کے نتائج برآمد ہوں گے۔ کرونا وائرس کی وبا سے اسکول بند ہونے کی وجہ سے پائیدار ترقیاتی اہداف کے آج تک حاصل ہونے والے نتائج خاص کر چھوٹے بچوں کے لئے پلٹ جانے کا امکان ہے۔ اگر بنیادی مہارتیں ابتدائی مرحلے میں نہیں سکھائی جاتی ہیں تو ایلیمنٹری درجے کی تعلیم میں معنی خیز ترقی کا امکان کم ہو گا۔

ابتدائی مرحلے میں موجودہ کمی کی نشاندہی کرنے کیلئے پائیدار ترقیاتی ہدف ۴۔۱۔۱ (الف) ابتدائی مرحلے میں موجود کمی کی نشاندہی کرنے کے لئے پڑھنے اور ریاضی میں کم سے کم سطح کی مہارت کو حاصل کرنے کے لئے دوئم یا سوئم جماعت کے بچوں کے تناسب کو ماپتا ہے۔ اس انڈیکیٹر کے تحت پیشرفت کی نگرانی کے لئے بچوں کے بنیادی تعلیمی نتائج کا مضبوط، باقاعدہ اور باہم موازنہ کرنے کیلئے جائزہ لینے (وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ملک کے اندر بھی اور بین الاقوامی بھی) کی

## موجودہ حالت اور سیکھنے کا شدید بحران

کرونا وائرس کی وبا نے پوری دنیا کے معاشروں کو متاثر کیا ہے۔ اس وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے پوری دنیا میں سکولوں کو بند کر دیا گیا جس سے ۱۔۵ بلین سے زیادہ طلباء کی تعلیم متاثر ہوئی ہے۔

اس وبا سے قبل تقریباً ۲۶۰ ملین بچے، بالغ اور نوعمر لوگ پہلے ہی سکولوں سے باہر تھے، حتیٰ کہ سکولوں میں جانے والے بیشتر طلباء بنیادی سطح تک پڑھنے اور حساب دانی کی مہیارتیں نہیں سیکھ پا رہے تھے۔

اس وبا کی وجہ سے سکولوں کی بندش اور دیگر پیدا ہونے والی رکاوٹیں: سیکھنے کے عمل میں کمی، سکول چھوڑنے میں اضافہ اور عدم مساوات کو مزید بڑھائیں گی۔ چونکہ بچے سکولوں سے باہر ہیں اس لیے سیکھنے کی جانچ کا عمل تقریباً رُک گیا ہے اور طلباء کے تعلیم حاصل کرنے کے بارے میں قابل اعتماد اعداد و شمار اکٹھے کرنا ناممکن سا ہو گیا ہے خصوصاً انتہائی پسماندہ علاقوں میں رہنے والے طلبا کا۔

## مشترکہ بین الاقوامی حساب دانی کا جائزہ

آئی سی اے این ایک اوپن سورس، مضبوط اور استعمال میں آسان جائزہ کا آلہ ہے جو گیارہ مختلف زبانوں میں دستیاب ہے۔ یہ ترقیاتی ہدف ۴۔۱۔۱ (الف) کے ساتھ منسلک نتائج کا بین الاقوامی موازنہ پیش کرتا ہے۔

آئی سی اے این کو افریقہ، ایشیاء اور امریکہ کے تیرہ کم اور درمیانی آمدنی والے ممالک کی پال نیٹ ورک کی ممبر تنظیموں کے مابین باہمی تعاون کی کوشش کے ذریعے تیار کیا گیا ہے۔

## آئی سی اے این کا حلقہ اور کام

### اعداد کا علم اور پہچان

- اشیاء کی گنتی اور تعداد کا موازنہ
- اعداد کی پہچان
- عوامل (از سر نو گروہ بندی کے ساتھ اور اس کے بغیر)
- حقیقی دنیاوی مسائل

50%

### جیومیٹری

- مقام اور سمت
- اشکال اور اعداد و شمار

### نظام پیمائش:

- لمبائی اور صلاحیت
- وقت اور کلینڈر

### آسان ڈیٹا کا اظہار:

- آسان معلومات کی بازیافت

50%

## ابتدائی سطح پر بنیادی تعلیم کی جانچ کی اشد ضرورت

تمام تعلیمی نظام بچوں سے یہ توقع کرتے ہیں کہ وہ پڑھنے اور حساب کی بنیادی صلاحیتیں پڑھائی کے پہلے دو سالوں میں حاصل کریں تاکہ اگلی کلاسوں میں پہنچ کر مشکل مواد کو پڑھ سکیں اور حساب دانی سے متعلق سوال حل کر سکیں۔ زیادہ تر حالات میں، کلاس روم کی تعلیم کا مقصد ایک بلند نظر نصاب کو ختم کرنے کی ضرورت سے ہوتا ہے۔ اگرچہ بچوں کی بڑی تعداد نصاب کی توقعات سے پیچھے ہے مگر انھیں شاذ و نادر ہی ایسا موقع ملتا ہے کہ وہ اس کمی کو پورہ کر سکیں۔

کرونا وائرس کی وباء ابتدائی پرائمری درجہ میں گھر میں سہولیات کی عدم فراہمی خاص طور پر کم امیر گھرانوں میں بچوں کی ابتدائی تعلیم میں مزید کمی کا سبب بن سکتی ہے۔

## آئی سی اے این کیا ماپتا ہے؟

اس سلسلے میں وسیع پیمانے پر اتفاق کیا گیا ہے کہ بنیادی حساب دانی کے حلقوں میں اعداد کا علم اور پہچان، جیومیٹری، نظام پیمائش اور آسان ڈیٹا کا اظہار شامل ہیں۔

ترقیاتی ہدف ۴۔۱۔۱ (الف) کے تحت حساب دانی کے لئے کم سے کم مہارت کی سطح دوئم یا سوئم جماعت کیلیئے اعداد و شمار اور حساب کتاب، شکل کی پہچان اور مکانی سمت بندی میں مہارت کا مظاہرہ کرنا بھی شامل ہے۔

آئی سی اے این جائزہ کا کام یونیسکو کے عالمی مہارت کے فریم ورک کے ساتھ منسلک ہے جو کم سے کم مہارت کی سطح جس کی سیکھنے والوں سے توقع کی جاتی ہے کی وضاحت کرتا ہے.

## کیسے اور کہاں آئی سی اے این کو لاگو کیا گیا؟

آئی سی اے این اسکول یا گھریلو سطح پر استعمال کیلئے موزوں ہے۔ تصور کے ثبوت کو ایک بڑے پیمانے پر لاگو کیا گیا ہے۔ ڈیٹا کو جمع کرنے کا طریقہ کار پال نیٹ ورک کے ڈیٹا کوالٹی معیارات پر مبنی تھا۔ یہ ایک ایسا فریم ورک ہے جو جائزہ میں عالمی بہترین طریقوں سے منسلک ہے / مماثلت رکھتا ہے۔

مساوات کے معاملات کو سمجھنے کے لئے بچوں کے اسکول جانے کی حیثیت، والدین کی تعلیم، اور گھریلو و معاشرتی انفراسٹرکچر کے بارے میں معلومات اکٹھی کی گئیں۔

ہر ایک بچے کا زبانی، ایک ایک کر کے جائزہ لیا گیا تاکہ یہ فرض نہ کیا جائے کہ وہ پڑھ اور لکھ سکتے ہیں۔

بے ترتیب نمونہ کے طریقے سے لے گئے گھروں کے ۵ سے ۱۶ سال کے بچوں پر ایڈمنسٹر کیا گیا۔

۱۳ ممالک میں منعقد کیا گیا۔ ہر ملک میں ادیہی ضلع میں بے ترتیب نمونہ کے طریقے سے نمونے کیلئے ۶۰ کمیونٹیز کو شامل کیا گیا۔

## آئی سی اے این کی رسائی اور نافذ کرنے والی تنظیمیں




## آئی سی اے این کی رسائی

| 20,000+ سے زیادہ بچے | 15,000+ سے زیادہ گھرانے | 779 گاؤں | 13 دیہی اضلاع | 13 ملک | 3 براعظم |
|---|---|---|---|---|---|


## جائزہ کے آلہ آئی سی اے این کے بارے میں اہم حقائق

- اوپن سورس؛ اس وقت ۱۱ زبانوں میں دستیاب ہے۔
- زیادہ تر کام یونیسکو گلوبل فریم ورک سے جماعت سوئم یا اس سے کم سطح پر منسلک ہیں
- گھر کی سطح پر جائزہ کے ساتھ ساتھ سکول کی سطح پر بھی جائزہ کے قابل ہے۔
- حساب دانی کی صلاحیت کا تعین کرنے کیلئے طلباء کی وسیع عمر کے گروپ کیلئے موزوں ہے۔
- تمام بچوں حتی کہ وہ جو صحیح طرح سے پڑھ نہیں سکتے کی شمولیت کیلئے زبانی اور ایک ایک کر کے ایڈمنسٹر کیا جاتا ہے۔
- ایک بچے کیلئے ایڈمنسٹر کرنے کا کل اوسط دورانیہ پندرہ منٹ ہے۔
- جائزہ کی بتدریج ایڈمنسٹریشن - صرف ان بچوں کو جو آپریشنز کے آسان کام انجام دے سکتے ہیں انھیں زیادہ جدید کام دیے جاتے ہیں۔
- وسائل کی کمی والی جگھوں پر بھی بڑے پیمانے پر عمل درآمد ممکن ہے۔




سوال: 1

دی گئی تصویر میں کونسی بلی ڈبے کے اندر ہے؟




سوال: 2

دی گئی تصویر میں کون سا بچہ درخت سے زیادہ دور ہے؟




سوال: 3

دی گئی تصویر میں کونسی پنسل سب سے چھوٹی ہے؟



سوال: 4

یہاں ایک ہی حجم کے 4 ڈبے ہیں۔ اگر ہم ہر ڈبے کو مکمل طور پر اُس کے ساتھ پڑی ہوئی گیند سے بھریں۔ تو کس ڈبے میں گیندوں کی تعداد سب سے زیادہ ہو گی؟




# آئی سی اے این ٹول


## سیٹ 1

### اس گھڑی میں کیا وقت ہوا ہے؟

سوال: 7



سوال: 8



### نیچے دیئے گئے کیلنڈر کو غور سے دیکھیں۔


مارچ 2019

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | ہفتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | 1 | 2 |
| 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 |
| 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 |
| 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 |
| 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 |
| 31 | | | | | | |

سوال: 9 مارچ کی 5 تاریخ کو کونسا دن ہے؟

سوال: 10 اس ماہ کے دوسرے پیر کے دن کون سی تاریخ ہے؟


### نیچے دیئے گئے چارٹ کو غور سے دیکھیے





سوال: 5 یہاں کتنے سیب ہیں؟

سوال: 6 یہاں مالٹوں سے کتنے کیلے تعداد میں زیادہ ہیں؟


سوال: 11 ان میں سے کونسی لکیر سیدھی ہے؟



سوال: 12 دی گئی اشکال میں سے کس شکل کو مثلث کہتے ہیں؟




سوال: 13 تصویر میں کتنے پرندے ہیں۔ نیچے دیئے گئے اعداد میں سے صحیح کا انتخاب کریں۔



5 9 8 6

سوال: 14 نیچے مختلف اشیاء کے چار گروپ دیئے گئے ہیں۔ ان کو غور سے دیکھیں کہ کس گروپ میں اشیاء کی تعداد سب سے زیادہ ہے؟



PAL NETWORK
People's Action for Learning

# آئی سی اے این ٹول

## سیٹ 2

سوال: 15 اعداد پہچانیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 2 | | 3 |
| | 8 | |
| 9 | | 0 |

5 اعداد میں سے 4 اعداد درست ہونے چاہئیں۔

دیئے گئے سوالات کو حل کیجیے۔

سوال: 16

$$\begin{array}{r} 32 \\ +\ 15 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

سوال: 17

$$\begin{array}{r} 46 \\ -\ 21 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

سوال: 18

2 x 4 =

سوال: 19

9 ÷ 3 =

## سیٹ 3

سوال: 20 اعداد کو پہچانیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 22 | | 48 |
| | 84 | |
| 30 | | 97 |

5 اعداد میں سے 4 اعداد درست ہونے چاہئیں۔

دیئے گئے سوالات کو حل کیجیے۔

سوال: 21

$$\begin{array}{r} 56 \\ +\ 17 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

سوال: 22

$$\begin{array}{r} 78 \\ -\ 29 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

سوال: 23

$$\begin{array}{r} 42 \\ \times\ 6 \\ \hline \\ \hline \end{array}$$

سوال: 24

$7 \overline{)\ 93}$

سوال: 25 سوال کو غور سے سُنیں، حل کریں اور جواب دیں۔

ایک سکول میں 43 بچے تھے۔ اُن میں سے 25 بچے گھر چلے گئے۔ اب سکول میں کتنے بچے باقی ہیں؟

سوال: 26 سوال کو غور سے سُنیں، حل کریں اور جواب دیں۔

ایک ڈبے میں 48 لڈو ہیں۔ اگر ایک لڑکا 3 لڈو ہر روز کھاتا ہے تو وہ لڑکا کتنے دنوں میں ڈبے میں موجود تمام لڈو ختم کرے گا؟

# پال نیٹ ورک کے متعلق

تعلیمی نیٹ ورک کیلیئے لوگوں کا عمل (پال نیٹ ورک ) تین براعظموں میں کام کرنے والی تنظیموں کی جنوب - جنوب کی شراکت ہے. حاصلات تعلم کو بہتر بنانے کیلیئے ممبر تنظیمیں شہریوں کے زیر قیادت عمل / جائزہ لیتی ہیں۔ 2005 سے اب تک اس نیٹ ورک کے ممبران نے اس جائزہ پر توجہ مرکوز کی ہے کہ آیا ابتدائی اسکول کی عمر کے بچے بنیادی متن کو پڑھ سکتے ہیں اور آسان ریاضی کر سکتے ہیں۔ بہت سے معاملات میں پال ممبران ایکشن پروگراموں کو بھی نافذ کرتے ہیں جس کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ تمام بچے ان بنیادی مہارتوں کو حاصل کریں۔



شہریوں کی زیر قیادت یہ جائزہ زبانی جائزہ ہوتا ہے اور گھر میں کیا جاتا ہے۔ ہر ایک بچے کے ساتھ ایک ایک کر کے جائزہ لیا جاتا ہے۔ یہ جائزے عام طور پر بچوں کے نمائندہ نمونوں کے ساتھ صوبائی / ریاستی یا قومی سطح پر کئے جاتے ہیں اور وقتاً فوقتاً دہرائے جاتے ہیں۔ ان کوششوں کی قیادت تعلیمی اداروں یا سول سوسائٹی کی تنظیموں کے ذریعہ کی جاتی ہے اور ان میں مقامی سرگرم افراد کی ایک وسیع سطح پر شرکت بھی شامل ہے۔



مزید جاننے کیلیئے وزٹ کریں:

www.palnetwork.org

info@palnetwork.org

PAL Network

palnetworkHQ

**PAL NETWORK**
People's Action for Learning